## سوال

(66) قضا نماز کے ساتھ سنتِ مؤکدہ پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ڈارٹ مورڈیون جیل سے ایم آئی خان تحریر کرتے ہیں

جیل میں کام کے اوقات کچھ ایسے ہیں کہ کچھ نمازیں قضا ہوجاتی ہیں اور قضا نماز پڑھنا پڑتی ہے۔ قضا نماز میں سنت پڑھی جاتی ہیں کہ نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کسی شدید بیماری یا مجبوری کے بغیر قضا کرنا درست نہیں ہے اور بغیر کسی عذر یا مجبوری کے نماز قضا کرنے سخت گناہ گار ہوتا ہے۔ اصل نماز چونکہ فرض ہے اس لیۓ قضا نماز پڑھ لینا ہی کافی ہے۔ بعض فقہاء کے نزدیک نماز جو قضا ہوا سے جب ادا کیا جائے تو اسی حالت میں ادا کیا جائے جس میں قضا ہوئی تھی یعنی مکمل نماز پڑھی جائے گی۔ بہر حال صرف فرض پڑھ لیۓ جائیں تو نماز ادا ہوجائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

# ص175

محدث فتویٰ